# 20494 - خطبہ جمعہ کے دوران نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنا

**سوال**

مجھے ایك مشكل درپیش ہے، جس میں پریشان ہوں، مجھے علم ہے كہ جب ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم كا نام سنیں تو ہمیں صلی اللہ علیہ وسلم كہنا چاہیے، لیكن اسی طرح مجھے یہ بھی علم ہے كہ خطبہ جمعہ كے دوران خاموشی اختیار كرنی ہے اور كلام ممنوع ہے، وگرنہ ہمارا اجروثواب ضائع ہو جائیگا، اس لیے جب امام نبی كریم صلی اللہ علیہ وسلم كا نام لے تو ہم پر كیا واجب ہوتا ہے، كہ ہم مسلمان كیا كریں، كیا ہم اسی وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھیں یا پھر اپنے دل میں پوشیدہ طریقہ سے كریں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

امام احمد رحمہ اللہ تعالی كہتے ہیں:

اپنے دل میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے میں كوئی حرج نہیں.

دیكھیں: المغنی ( 2 / 165 ) اور اس كے بعد كے صفحات.

اور مستقل فتوی كمیٹی كا كہنا ہے:

( جب خطیب نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے تو سامع بھی بغیر آواز بلند كیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے ).

دیكھیں: فتاوی اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والافتاء ( 8 / 217 ).

اور شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی كا كہنا ہے:

جب خطیب نبی كریم صلی اللہ علیہ وسلم كا ذكر كرے تو سامع كو سری طور پر درود پڑھنا چاہیے، تا كہ اس كے ارد گرد والوں كو تشویش لاحق نہ ہو. اھ

دیكھیں: مجموع فتاوی ابن عثیمین ( 16 / 166 ).

واللہ اعلم .